مسلسل اشاعت کا ۳۹واں سال

اردو ڈائجسٹ

جلد : ۳۹ شمارہ : ۴

اپریل ۱۹۹۹ء

ذوالحج ۱۴۱۹ھ / محرم الحرام ۱۴۲۰ھ

مجلس ادارت

صدر مجلس: ڈاکٹر اعجاز حسن قریشی

مدیر مسئول: الطاف حسن قریشی

مدیر : ظفراللہ خان

نائب مدیر : محسن فارانی

نائب مدیر انتظامی : طیب اعجاز قریشی

اعزازی معاونین خصوصی

سید ضمیر جعفری — حافظ افروغ حسن

صغیرہ بانو شیریں — ڈاکٹر امین اللہ وثیر

صدر دفتر

ماہنامہ اردو ڈائجسٹ 19-21 ایکڑ اسکیم سمن آباد، لاہور-54500

فون: 7589957 فیکس: 7563646

Email:
digest@paknet4.ptc.pk

کراچی آفس:

5/133/2 ماڈل کالونی کراچی

فون: 4501233

زر سالانہ......پاکستان

بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک 320 روپے

بیرون ملک بدل اشتراک

سعودی عرب، یو اے ای، بحرین، قطر، تھائی لینڈ، چین، جاپان، کوریا، ہانگ کانگ، سنگاپور، مالدیپ، ڈنمارک، ناروے، فرانس، آسٹریا، اٹلی، سویڈن، ہالینڈ، بلجیم، یونان، جرمنی، برطانیہ — 1000/- روپے

انڈونیشیا، ملائشیا، نائیجیریا، جنوبی افریقہ، بھارت، لیبیا، سوڈان، بنگلہ دیش — 1200/- روپے

آسٹریلیا، کینیڈا، امریکہ — 1500/- روپے

نوٹ: خط کتابت اور بدل اشتراک ارسال کرتے وقت خریداری نمبر کا تحریر کرنا ضروری ہے، بدل اشتراک کسی ذاتی نام کے بجائے اردو ڈائجسٹ پبلی کیشنز کے نام روانہ کیجیے بینک ڈرافٹ لاہور (پاکستان) کے کسی بینک کا ہونا چاہیے۔

قیمت

پاکستان	25 روپے
متحدہ عرب امارات	10 درہم
سعودی عرب	10 سعودی ریال

نمائندہ خصوصی (جدہ): انجینئر افتخار احمد چودھری فون: (دفتر) 6402688، (رہائش) 6736521

فیکس: 6405711 پی او بکس نمبر 34181 جدہ: 214680 نمائندہ خصوصی، ریاض: حافظ عبدالوحید فون: 4581429

طابع و ناشر الطاف حسن قریشی نے 24- سرکلر روڈ سے چھپوا کر 19-21 ایکڑ سکیم سمن آباد لاہور سے شائع کیا۔

انسانیت کے ناتے سے معیاری دوست بن جاتے ہیں۔

ایران کی سرزمین امام خمینی کے اسلامی انقلاب سے متاثر ہے۔ داؤد طاہر اس کا گہرا مشاہدہ کرتے ہیں۔ برطانوی مارگریٹ کو بھی برقع پہننا پڑتا ہے۔ ہر جگہ پردہ ہے۔ کچھ لوگوں نے اس اسلامی قدر کو دل سے پسند کیا ہے اور کچھ نے نہیں۔ ترکی میں یورپی نوعیت کی جو آزادی ہے اس کا منظر ایران کے برعکس ہے۔ لیکن ترکی کی حدود میں جو زندگی دیکھتا ہے وہ اس کتاب کے پڑھنے ہی سے آپ کے ذہن میں آسکتی ہے۔

کتاب خوبصورت رنگ روپ' کمپیوٹر کمپوزنگ کے ساتھ ۳۸۴ صفحات پر مشتمل ہے۔ قیمت کتاب کے اسلامی' تاریخی' تجرباتی' معلوماتی اور جذباتی مواد کے مقابلے میں مناسب ہی کہی جاسکتی ہے۔

(تبصرہ نگار: قاضی ذوالفقار احمد)

☆☆

کتاب: زیارات مقدسہ

مصنف: افتخار احمد حافظ

ضخامت: ۲۴۸ صفحات' قیمت: ۲۵۰ روپے

ملنے کا پتہ: افتخار احمد حافظ۔ مکان نمبر 999/A-6 گلی نمبر 9 ۔ افشان کالونی' راولپنڈی چھاؤنی

پہلے زمانے میں بزرگان دین اور اولیائے کرام کا یہ طریقہ تھا کہ وہ اپنے علوم اور منازل کی تکمیل کے لیے سفر میں رہتے۔ اور اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں سے مل کر مستفیض ہوتے۔ حضرت مخدوم جہانیاں نے زندگی کا بیشتر حصہ سیاحت میں گزارا اور جہاں گشت کا لقب پایا۔ ان ساری باتوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے افتخار احمد حافظ نے بلاد اسلامیہ کا سفر طے کرنے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے عراق' شام' اردن' ترکی کا سفر طے کیا۔ اور ایسے بزرگان دین' اہل بیت اور صحابہ کرامؓ کی چوکھٹ پر حاضری دی جنہیں دیکھنے کو آنکھیں ترستی ہیں۔

یہ سفرنامہ تحریر کرتے سے حرف حافظ بنے اور پھر دل میں اترتے چلے گئے۔ طویل مسافتوں کا یہ مسافر دبے دبے لہجے میں دلکش جامعیت کے ساتھ حقیقت کا اظہار کرتا ہے۔ اس کا یہ تاریخی سفر آگہی کے ساتھ ساتھ جذبہ اور وجدان کا سفر بن جاتا ہے۔ قاری بالواسطہ اظہار کی اس جہت میں ساتھ ساتھ رہتا ہے۔ من و تو میں بٹی ہوئی اکائی کو مجتمع کرنے کی کامیاب کوشش میں زماں و مکان کی تجلیات و جمالیات کو عیاں کرتے ہوئے قاری کو مصنف ایک لمحہ کے لیے تاثر سے بھٹکنے نہیں دیتا اور ایسا محسوس ہوتا ہے باطن ظاہر' محجوب منکشف اور نادیدہ دیدنی ہو گیا ہے۔ یہی اس کتاب کی کامیابی ہے۔ کتاب رنگین تصاویر سے مزین کی گئی ہے۔ تبرکات نبوی' صلی اللہ علیہ وسلم سے لے کر مسجد و مزار حضرت ابوایوبؓ انصاری' مزار مولانا روم' مزار حضرت امام حسینؓ اور مزار حضرت زینبؓ' حضرت رقیہؓ اور حضرت بلال حبشیؓ کے مزار' اصحاب کہف کے غار اور نادر تصاویر شامل ہیں۔ آخر میں پاکستان میں جو مزارات ہیں ان کی تصاویر بھی شامل ہیں۔ تصاویر کا یہ ذخیرہ اس سے پہلے اور کسی سفرنامے میں نظر سے نہیں گزرا۔ تازہ ترین معلومات نئے جانے والے زائرین کے لیے مشعل راہ ہیں۔ گوناگوں معلومات کے ساتھ بیش قیمت تصاویر بھی کتاب میں شامل ہونے سے اس کی افادیت دوچند ہوگئی ہے۔ مضبوط جلد' سفید کاغذ' عمدہ طباعت و کتابت سے آراستہ یہ کتاب ضرور پڑھنی چاہیے۔ اور دوسروں کو بھی تحفے میں دینی چاہیے۔

پاکستان میں رجسٹرڈ ڈاک سے منگانے والے ۲۶۰ روپے کا منی آرڈر ارسال کریں اور پاکستان سے باہر کتاب منگانے کے لیے ۱۰۰۰ روپے کا بینک ڈرافٹ راولپنڈی کے کسی بینک کا ہونا چاہیے۔

☆
